Life | Window Takaful Operations



# آئی جی آئی لائف-WTO
# اعتمادالاسلامی پلان

## پاکستان کی پہلی ایکٹو فیملی تکافل

**دعویٰ دستبرداری:**

یہ پراڈکٹ آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے پیش کی جارہی ہے، لہٰذا اس پراڈکٹ کے حوالہ سے دبئ اسلامک بینک یا اس کے متعلقہ ادارے کی طرف سے نہ کوئی ذمہ داری ہے اور نہ یہ اس کی پراڈکٹ ہے۔آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز وقف فنڈ کے ذریعے انڈر رائٹنگ کے تمام رسک کا ذمہ دار ہے۔ درخواست کنندہ/شریک تکافل اس بات سے متفق اور سمجھ گیا ہے کہ دبئ اسلامک بینک صرف آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز کے ڈسٹری بیوشن ایجنٹ اور پراڈکٹ کے پروموٹر کی حیثیت سے کام کررہا ہے اور دبئ اسلامک بینک کسی بھی صورت میں آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے پیش کردہ باقاعدہ زرِتکافل والے پلان یعنی اعتمادالاسلامی پلان سے متعلق کیے گئے کسی قسم کے وعدے یا نفع ونقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کسی بھی قسم کے تنازع یا کلیم سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت یا سرمایہ کاری کی کارکردگی سے متعلق کسی بھی قسم اعتراض کے حوالے سے دبئ اسلامک بینک کسی قسم کا ذمہ دار نہیں ہوگا، لہٰذا اعتمادالاسلامی پلان درخواست دہندہ/شریک تکافل کو اپنے نفع/نقصان کو سامنے رکھتے ہوئے خود ہی اپنی ذمہ داری پر لینا ہوگا۔ حاصل ہونے والے زرتکافل کی سرمایہ کاری ذکر کردہ گروتھ فنڈ میں کی جاتی ہے اور ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی نمائندگی نہیں کرتی۔ کسی بھی قسم کی پیشگوئی کا مستقبل میں اسی طرح ہونا ضروری نہیں ہے اور دبئ اسلامک بینک اور نہ ہی ونڈو تکافل آپریٹر اس کا ذمہ دار شمار ہوگا۔ تمام تکافل کلیمز، چارجز، اور تکافل کی رکنیت کے حوالے سے تمام اخراجات کی مکمل ذمہ داری آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز کی ہوگی۔ جبکہ سروس چارجز، اور ٹیکس بینک کی جانب سے بیان کردہ ''شیڈول آف چارجز'' اور متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے لگائے ٹیکس قوانین کے اعتبار سے لاگو ہوں گے۔

ازراہِ کرم نوٹ کرلیجیے: یہ صرف ایک معلوماتی کتابچہ ہے کوئی معاہدہ نہیں۔ تفصیلی شرائط وضوابط شریک تکافل کی رکنیت دستاویز (PMD) میں موجود ہے۔

Life | Window Takaful Operations


آئی جی آئی لائف۔ونڈو تکافل آپریشنز: ساتویں منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن، کراچی۔75600، پاکستان۔

UAN: 711-111-111 (21-92+) ٹیلی فون: 35360040 (21-92+) فیکس: 35290042 (21-92+)

ای میل: vitality@igi.com.pk ویب: www.igilife.com.pk


**اہم اطلاع:** پاکستان میں آئی جی آئی وائیٹیلٹی سروسز آئی جی آئی لائف کی ڈسکوری وائیٹیلٹی پرائیوٹ لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری میں پیش کی جارہی ہیں۔ یہ ساؤتھ افریقہ میں مجاز کردہ فنانشیل سروسز ہیں اور اس کا رجسٹریشن نمبر 1999/007736/07 ہے۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

''تمام خوشیوں کی بنیاد اچھی صحت ہے''۔ Leigh Hunt

صحت مند رہنے کی اہمیت سے ہم سب واقف ہیں، لیکن ہم میں سے بیشتر کو اس خواہش کو پورا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ آئی جی آئی لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے آپ کو صحت مند بنانے کے لیے جنوبی افریقہ میں قائم وائٹیلیٹی سے وابستگی قائم کی ہے۔ ہمارا زندگی پر پریمیر تکافل سیونگ پلان نہ صرف آپ کے مالی مستقبل کو تحفظ فراہم کرے گا ، بلکہ یہ مربوط وائٹیلیٹی پروگرام کے ذریعے آپ کو صحت مند رہنے کے لیے بھی انعام دیتا ہے۔

ہم آپ کو دنیا بھر میں موجود 8.9 ملین سے زائد ممبروں کی فہرست میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں، جو اپنے آپ کو صحت مند بنانے، اسے بڑھانے اور اپنی زندگی کی حفاظت کے لیے وائٹیلیٹی استعمال کرتے ہیں۔

## آئی جی آئی لائف-WTO اعتماد الاسلامی پلان

اعتماد الاسلامی پلان ایک اسمارٹ انویسٹمنٹ پلان ہے جو کہ وائٹیلیٹی کے تندرستی پروگرام سے منسلک ہے۔ یہ باہمی اقدار تکافل ماڈل پر مبنی ہے۔ یہ پلان آپ کو صحت مند زندگی گزارنے کی طرف مائل کرتا ہے اور ایسا کرنے سے آپ کو پرکشش انعامات بھی پیش کرتا ہے۔

یہ پلان دو بنیادی پہلوؤں پر مشتمل ہے:

**وائٹیلیٹی** : یہ آپ کی موجودہ صحت کی صورت حال کو سمجھتے ہوئے تندرستی پر توجہ دیتی ہے اور صحت میں بہتری لانے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

**تکافل کوریج** : آپ کی مالی تحفظ کی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور سرمایہ کاری مواقع فراہم کرتا ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ایکچوریئل سائنس کے جدید تصورات پر استوار باہمی تعاون اور مدد فراہم کرنے کا قدیم اسلامی تصور ہے۔ جس کے لیے شرعی مشیر کی نگرانی میں جائزہ اور انویسٹمنٹ کی گئی ہے۔ یہ وفات یا معذوری کی صورت میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا شریعہ کمپلائنٹ کے مطابق عمل درآمد کا طریقہ ہے۔



## IGI لائف WTO وائٹیلیٹی دوسری روایتی فیملی تکافل سے کس طرح مختلف ہے؟

| دیگر روایتی فیملی تکافل | آئی جی آئی لائف-WTO اعتماد الاسلامی پلان |
|---|---|
| ایک جیسی پروڈکٹس (فیملی تکافل ممبر شپ) | مختلف انشورنس پلان + صحت منداور چست طرزِ زندگی |
| طویل المدت انویسٹمنٹ، کوئی مختصر المدت فوائد نہیں | طویل المدت سرمایہ کاری + ہفتہ وار بنیاد پر ایکٹو لائف اسٹائل کے انعامات + ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد تک کیش بیک** + سالانہ انعامات* |
| شریک تکافل کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ | شریک تکافل کی فیملی کے مستقبل کا تحفظ + شریک تکافل کا بہتر صحت مند اور چست طرزِ زندگی |
| موبائل ایپلی کیشن صرف ممبر شپ کی تفصیلات اور عام معلومات فراہم کرتی ہے | Mobile-led اسٹریٹیجی، IGI لائف وائٹیلیٹی ایپلی کیشن ڈیوائس کے ساتھ منسلک ہے۔ |
| صحت پر توجہ مرکوز نہیں کی جاتی | بذریعہ وائٹیلیٹی ہیلتھ چیک اسکریننگ اسسمنٹ سے صحت پر توجہ مرکوز رکھی جاتی ہے + وائٹیلیٹی ہیلتھ ریویو + وائٹیلیٹی نیوٹریشن اسسمنٹ + نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD) + وائٹیلیٹی ایج |
| صرف سالانہ لین دین کے سبب آپ کا پروڈکٹ کے ساتھ تعلق واجبی رہتا ہے | ہفتہ وار سرگرمیوں کے سبب، آپ کا تعلق IGI لائف کے ساتھ مضبوط سے مضبوط تر رہتا ہے۔ |
| وفات کے خوف، مریض/جسمانی نقص پر توجہ | صحت منداور چست وتوانا زندگی پر توجہ |

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

** آپ کو تجویز کیا جاتا ہے کہ ڈیوائس ہمیشہ پہن کر رکھیں لیکن آپ کا موبائل بھی آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے، اس کے لیے لازمی ہے کہ آپ کے پاس اینڈرائڈ کی صورت میں ویریبل ڈیوائس ہیلتھ ایپ اور iOS کی صورت میں ہیلتھ ایپ موجود ہو۔ مزید تفصیلات کے لیے 711-111-111 (21-92+) UAN پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## موبائل فون کے زیرِ انتظام حکمتِ عملی

یہ پروگرام شیئرڈ ویلیو پر مبنی ہے جو آپ کو اچھی صحت برقرار رکھنے پر انعامات اور فوائد دیتا ہے۔ یہ آپ کو تین اہم نقات پر مبنی صحت مند طرزِ زندگی کے لیے طریقہ کار، معلومات اور حوصلہ افزائی دیتا ہے۔

- اپنی صحت کے بارے میں جانیں
- اپنی صحت بہتر بنائیں
- فوائد سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائیٹیلیٹی ایپ کے ذریعے آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے فٹنس کے اہداف حاصل کرتے ہیں اور ان اہداف کے حصول پر انعامات کے حقدار بھی قرار پاتے ہیں۔ آپ IGI لائف وائیٹیلیٹی ایپ کو اپنے اینڈرائڈ یا iOS موبائل ڈیوائس* پر ڈاؤن لوڈ کر کے اپنا ID اور پاس ورڈ استعمال کرتے ہوئے اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں جو کہ آپ کو ممبر شپ دینے کے بعد ویلکم ای میل میں فراہم کیا جائے گا۔

### 1۔ اپنی صحت کے بارے میں جانیں

- وائیٹیلیٹی ہیلتھ چیک (VHC)
- وائیٹیلیٹی ہیلتھ ریویو (VHR)
- وائیٹیلیٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)
- نان اسموکر ڈیکلریشن (NSD)
- وائیٹیلیٹی ایج (VA)




### 2۔ اپنی صحت بہتر بنائیں

- فزیکل ایکٹویٹی پوائنٹ حاصل کریں اور ہفتہ وار انعامات حاصل کریں۔
- اپنی صحت کو جاننے کے سیکشن میں وصول ہونے والے پوائنٹس کو مکمل کریں، جسمانی سرگرمیاں پوری کرتے ہوئے ہیلتھ رینج میں شامل ہوں۔

وائیٹیلیٹی ایکٹو پروڈکٹ 4 درجات پر مشتمل ہے۔

- برونز
- سلور
- گولڈ
- پلاٹینم

### 3۔ فوائد سے لطف اندوز ہوں

- **ہفتہ وار انعامات / فوائد**

ایزی ٹکٹس
فوڈ پانڈہ
موبائل ٹاپ اپ

- **ماہانہ فوائد**

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کیش بیک

- سالانہ فوائد

مکمل فوائد***

*شرائط وضوابط لاگو ہیں ***شرائط وضوابط سے متعلق "سالانہ فوائد (مکمل فوائد)" میں درج ہے۔






## اپنی صحت کے بارے میں جانیں

اس حصے 'اپنی صحت کے بارے میں جانیں' کے ذریعے آپ ان خطرات کے بارے میں جان سکتے ہیں جو آپ کی صحت کو لاحق ہیں یا لاحق ہو سکتے ہیں۔

### وائیٹیلیٹی ہیلتھ چیک (VHC)

وائیٹیلیٹی ہیلتھ چیک بچاؤ کے لیے اہم بنیادی صحت کے ٹیسٹ اور اسکریننگ کا ایک سیٹ ہے جیسے باڈی ماس انڈیکس (بی ایم آئی)، بلڈ گلوکوز، بلڈ پریشر اور ٹوٹل کولیسٹرول وغیرہ۔

### وائیٹیلیٹی ہیلتھ ریویو (VHR)

وائیٹیلیٹی ہیلتھ ریویو جنرل ہیلتھ، سوشل اور لائف اسٹائل کی عادات کا جائزہ لینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

### وائیٹیلیٹی نیوٹریشن اسسمنٹ (VNA)

وائیٹیلیٹی نیوٹریشن اسسمنٹ سوالنامہ مندرجہ ذیل تین سیکشن پر مبنی ہے۔

- **روزمرہ کا کھانا**

آپ کا زورمرہ کا کھانا کیا ہے اور اس کھانے کی ترتیب کیا ہے؟

- **طرزِ زندگی کا انتخاب**

آپ کے طرزِ زندگی کی کونسی عادات ایسی ہیں جو آپ کے کھانے پینے کے انتخاب پر اثر انداز ہوتی ہیں؟

- **کھانے پینے کی چوائس**

غذائیت اور اجزاء کے لحاظ سے آپ کے کھانے کی ترجیحات کیا ہیں؟

اس سوالنامے کو مکمل پُر کرنے کے بعد، آپ کو اپنے کھانے پینے کی عادات میں بہتر غذائیت کے استعمال کے مشورے دیئے جائیں گے۔

### نان۔اسموکر ڈیکلریشن (NSD)

نان اسموکر کے پوائنٹس حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ آپ شرائط وضوابط میں درج نکات کے عین مطابق تمباکو پر مبنی پروڈکٹس کا استعمال نہ کرتے ہوں۔

### Vitality Age (وائیٹیلیٹی عمر)

آپ کی وائیٹیلیٹی ایج دراصل آپ کی صحت کا مجموعی جائزہ لینے کے بعد واضح کی جائے گی، لازمی نہیں ہے کہ آپ کی وائیٹیلیٹی ایج آپ کی طبعی عمر سے مطابقت رکھتی ہو۔

*ٹیسٹ کے اصل نتائج ایپلی کیشن کے ذریعے اپ لوڈ کیے جاتے ہیں۔

## اپنی صحت بہتر بنائیں

یہ حصہ آپ کو جسمانی سرگرمیوں تک رسائی مہیا کرتے ہوئے صحت کو بہتر بنانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ آپ کی موجودہ طبی صورتحال کے مطابق، آپ کو ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کے ہدف مہیا کیے جائیں گے اور بعدازاں اُن سرگرمیوں کو پورا کرنے پر آپ کو انعام دیا جائے گا۔*

ہم آپ کو تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنی جسمانی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے لیے wearable ڈیوائس کا انتخاب کریں جس میں پہلے سے پیڈومیٹر اور ہارٹ ریٹ مانیٹر موجود ہوتا ہے۔ براہِ مہربانی آپ صرف اسی ڈیوائس کا انتخاب کریں جس کی نشاندہی شرائط وضوابط میں درج ہے۔




*مزید تفصیلات کے لیے ہمارے UAN 711-111-111 (21-92+) پر رابطہ کریں۔ شرائط وضوابط لاگو ہیں۔
** آپ کا موبائل ویریبل ڈیوائس ہیلتھ ایپ (جو کہ اینڈرائڈ پر دستیاب ہے) اور ہیلتھ ایپ (جو کہ iOS پر دستیاب ہے) کے ذریعے آپ کی جسمانی سرگرمیوں کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے۔



## انعامات سے لطف اندوز ہوں

IGI لائف وائیٹیلیٹی ہفتہ وار اور سالانہ انعامات/فوائد کے ذریعے آپ کو ایک صحت مند طرزِ زندگی گزارنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

### • ہفتہ وار انعامات

اپنا ہفتہ وار جسمانی سرگرمی کا ہدف حاصل کریں اور 500 روپے قیمت کا موبائل ٹاپ اپ واؤچر منتخب کریں یا فوڈ پانڈا کا 500 روپے ڈسکاؤنٹ واؤچر حاصل کریں۔

دونوں واؤچرز IGI لائف وائیٹیلیٹی ایپلی کیشن پر دستیاب ہیں۔

### • ماہانہ انعامات

ویریبل ڈیوائس* پر 100 فیصد تک کا کیش بیک۔

### • سالانہ انعام (Integrated Benefit)

آپ اپنے وائیٹیلیٹی اسٹیٹس کی بنیاد پر ہر ممبرشپ کے سال کی تکمیل پر integrated انعام کے حقدار ہوتے ہیں۔ یہ فوائد ہر سال جمع ہوتے ہیں اور ممبرشپ کی پانچویں سالگرہ پر آپ کے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردیئے جاتے ہیں۔





*شرائط وضوابط لاگو ہیں

## سالانہ وائیٹیلٹی اسٹیٹس

اپنی صحت کی موجودہ صورتحال جاننے کے لیے آپ وائیٹیلٹی پوائنٹس کمائیں اور اپنی صحت کو مزید بہتر بنانے کی جانب قدم بڑھائیں۔

آپ جیسے جیسے پوائنٹس کماتے جاتے ہیں، آپ بہتر وائیٹیلٹی اسٹیٹس حاصل کرتے جاتے ہیں۔

وائیٹیلٹی ایکٹو پروڈکٹ میں چار درجات ہیں۔





## ہیلتھ اسکریننگ کے ذریعے وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں۔

| | اپنی صحت کے بارے میں جانیں | پوائنٹس | 60+ پر بونس پوائنٹس | پوائنٹس ایلوکیشن کی تعداد | پوائنٹس کی حد (رکنیت کا ہر سال) |
|---|---|---|---|---|---|
| تشخیص | وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| | وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ | 500 | 0 | سالانہ | 500 |
| | نان اسموکر ڈیکلریشن | 1,000 | 0 | سالانہ | 1,000 |
| اسکریننگ اینڈ پریوینشن | وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک | ہر حصے میں 1,250 صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے 2,500 | صحت مندی کے زمرے میں ہونے کے لیے ہر حصے میں 1,250 | سالانہ | 15,000 - under 60<br>20,000 - over 60 |
| ٹوٹل وائیٹیلٹی پوائنٹس | | | | | 17,500 - under 60<br>22,500 - over 60 |

* آپ 2,500 پوائنٹس حاصل کر سکتے ہیں اگر آپ کے وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک ٹیسٹ صحت مندی کے زمرے میں آتے ہوں۔



## فزیکل ایکٹوٹیز کے ذریعے وائیٹیلٹی پوائنٹس حاصل کریں





| دل کی دھڑکن* | دورانیہ اور دل کی دھڑکن | حاصل کیے گئے پوائنٹس | Over 60 years of age |
|---|---|---|---|
| اعتدال میں (60+) | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 20 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 0 | 50 Booster points |
| اعتدال | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 100 | 50 Booster points |
| سخت ورزش | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 70 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 200 | 50 Booster points |
| | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 60 منٹ کی جسمانی سرگرمی | 200 | 50 Booster points |
| زیادہ دورانیہ کی سخت ورزش | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 70 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 60 منٹ سے زائد کی جسمانی سرگرمی | 300 | 50 Booster points |
| | عمر کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ 60 فیصد کی حد تک شرحِ رفتارِ قلب کی حامل 90 منٹ سے زائد کی جسمانی سرگرمی | 300 | 50 Booster points |





## ویئرایبل ڈیوائس کیش بیک

آپ کے ماہانہ آئی جی آئی لائف وائیٹیلیٹی پوائنٹس کا ٹارگٹ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو ہر ماہ کتنی جسمانی سرگرمی کی ضرورت ہے۔ اپنے ماہانہ پوائنس کے ہدف کو حاصل کریں اور پروگرام کے ذریعے ویئریبل ڈیوائس پر قابل اطلاق فیصد کیش بیک حاصل کریں۔




* آئی جی آئی لائف وائیٹیلیٹی 30% رعایت کے ساتھ سام سنگ گلیکسی واچ کی پیش کش کر رہی ہے۔ آپ 24 ماہ کے اندر 100% تک قیمت کی واپسی کے اہل ہوں گے بشرطیکہ آپ نے اپنے ماہانہ جسمانی سرگرمی کے پوائنٹس کے اہداف حاصل کیے ہوں۔ اوپر ذکر کردہ ڈسکاؤنٹ صرف آئی جی آئی لائف وائیٹیلیٹی کے ممبرز کے لیے ہے۔ آپ اپنی دل کی رفتار جانچنے کے لیے اپنی ذاتی ڈیوائس بھی استعمال کر سکتے ہیں، بہرحال قیمت کی واپسی کا فائدہ صرف اس پروگرام کے تحت خریدی گئی سام سنگ گلیکسی واچ پر لاگو ہوگا۔

# IGIلائف وائیٹیلٹی میں کسٹمر کا سفر

علی، عمر 35 سال

علی کو فیملی تکافل کا خاندان کے تحفظ کے ساتھ اچھی صحت پر انعام ملنے کا تصور بہت اچھا لگا۔ اس نے مزید معلومات کے لیے قریبی برانچ وزٹ کی۔

علی نے پلان کے لیے سائن اپ کیا اور اسے ویلکم کٹ موصول ہوئی۔

علی ڈیوائس پر ماہانہ قیمت کی واپسی حاصل کرنا چاہتا ہے اس لیے اس نے بھی ویرایبل ڈیوائس خریدی۔

اس نے IGIلائف وائیٹیلٹی ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیا ور رجسٹریشن مکمل کی۔ اس نے ویرایبل ڈیوائس وائیٹیلٹی ایپ کے ساتھ منسلک کی تا کہ روزمرہ جسمانی سرگرمیاں مسلسل شمار ہوسکیں۔ جس کے بعد وہ اپنی کم قیمت پر حاصل کی گئی

علی کی شروعات Bronzeلیول سے ہوئی۔

Bronze

علی نے اپنا آن لائن میڈیکل چیک اپ مکمل کیا اور کچھ پوائنٹس حاصل کیے۔

وائیٹیلٹی ہیلتھ ریویو پوائنٹس 1000

1,000 Points

وائیٹیلٹی نیوٹریشن اسسمنٹ کے 500 پوائنٹس۔ اس طرح ٹوٹل 1500 پوائنٹس ہوئے۔

500 Points

چار اہم حصوں کے لیے وائیٹیلٹی ہیلتھ چیک، ہر حصے کے لیے اس نے 1250 پوائنٹس حاصل کیے یعنی کہ چاروں حصوں کے ملا کر 5000 پوائنٹس ہوئے اور مجموعی ٹوٹل 6500 ہوا۔

1,250 Points

چونکہ علی کے تمام نتائج بہترین رینج میں ہیں اس لیے اسے اہم حصے کے لیے 2500 اضافی پوائنٹس دیئے جائیں گے۔ اس طرح اسے صرف چار اہم حصوں پر 10,000 پوائنٹس حاصل ہوئے۔

10,000 Points

علی نے VHC سے مجموعی طور پر 15,000 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں۔ علی کا ابھی تک کے لیے گرینڈ ٹوٹل 16,500 ہو چکا ہے۔

Vitality Health Check

نان اسموکر ڈیکلریشن کے 1,000 پوائنٹس۔ ٹوٹل پوائنٹس 17,500 ہوئے۔

علی نے چونکہ 17,500 پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں اس لیے اس کا لیول Silver ہو چکا ہے۔

Silver

نتائج کی بنیاد پر علی کی وائیٹیلٹی عمر 33 سال ہے۔

Vitality Age 33

اب علی ہفتہ وار جسمانی سرگرمیوں کا ہدف حاصل کرتا ہے اور انہیں پورا کرنے کے لیے محنت کرتا ہے۔

علی نے اپنا ہفتہ وار ٹارگٹ پورا کر لیا ہے اور اب اسے اختیار حاصل ہے کہ وہ دستیاب انعامات میں سے اپنے لیے انعام کا انتخاب کرے۔ ایزی ٹکٹ موبائل ٹاپ اپ پر 500 روپے کا واؤچر یا فوڈ پانڈا (500 روپے مالیت کا ڈسکاؤنٹ کوڈ)

easytickets

The easy way to buy tickets

foodpanda

علی نے موبائل ٹاپ اپ کے لیے ایزی ٹکٹ کا انتخاب کیا اور اپنے دوست دوستوں اور گھر کے افراد کو فون کرنے کا لطف اٹھاتا ہے۔

دوسرے ہفتے میں بھی علی نے اپنا ٹارگٹ پورا کیا اور اس بار علی نے فوڈ پانڈا کے ڈسکاؤنٹ کوڈ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے صحت مند کھانا انجوائے کیا۔

علی نے اس ماہ کے اختتام تک اپنا ماہانہ ٹارگٹ پورا کر لیا جس پر علی نے ویریبل ڈیوائس پر کیش بیک حاصل کیا۔

علی نے آئندہ 5 ماہ تک اپنا صحت مند طرزِ زندگی برقرار رکھا، جس کے نتیجے میں اس کے مجموعی پوائنٹس بڑھ کر 20,000 ہوگئے اور علی کا لیول GOLD ہوگیا۔

Gold

PLATINUMاسٹیٹس کی بنیاد پر، علی نے اپنے زرتعاون کا ایک فیصد سالانہ اضافی فوائد کے طور پر حاصل کیا۔

Platinum

علی نے 7 کلوگرام وزن میں کمی کا ٹارگٹ پورا کر لیا ہے اور اب اس کی وائیٹیلٹی عمر 30 سال ہو چکی ہے۔

دو سال کے اختتام تک علی نے ہمیشہ اپنے ماہانہ ٹارگٹ پورے کئے ہیں، لہٰذا اس نے ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد کیش بیک حاصل کیا ہے۔ وہ اب اس پروگرام ذریعے نئی ویریبل ڈیوائس خریدنے کے لیے بھی تیار ہے جس پر وہ 24 مہینوں تک مسلسل کیش بیک حاصل کرتا رہے گا۔

علی کو اپنی IGIلائف وائیٹیلٹی پالیسی کے پانچ سال مکمل ہونے پر، سالانہ اضافی فوائد کا اماؤنٹ حاصل ہوگا جو کہ علی کی ممبرشپ کے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع کرائے جائیں گے۔ اب تک، کیونکہ اس نے ہمیشہ اپنے ٹارگٹس کو پورا کیا ہے اور اس نے 2 سیم سنگ واچز پر کیش بیک بھی حاصل کیا ہے، اب وہ تیسری واچ سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔

5 Years

Integrated Benefit

*شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

## آئی جی آئی لائف-WTO اعتمادالاسلامی پلان کے لیے مجتمع فوائد

IGI لائف وائیٹیلیٹی WTO مجتمع ممبرشپ کی ہر پانچویں سالگرہ کے موقع پر، ایک اضافی رقم (زرتعاون کا %) اس کی شرائط وضوابط کے تحت بطور وائیٹیلیٹی مجتمع فائدہ ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ادا کیا جاتا ہے۔ مجتمع فائدہ، جوکہ IGI لائف وائیٹیلیٹی کی موجودہ کیفیت اور سَم کورڈ ملٹی پل کی بنیاد پر سال مکمل ہونے پر واجب الادا ہوتا ہے اور پانچ سال بعد ادا کیا جاتا ہے۔

### سَم کورڈ سے کیا مراد ہے؟

یہ رقم بمعہ کسی بھی دوسرے قابلِ اطلاق فوائد کے، پالیسی ہولڈر کی وفات پر واجب الادا ہوتی ہے۔ سَم کورڈ، بیسک زرتعاون کا ملٹی پل ہوتا ہے۔ پالیسی ہولڈر کو درج ذیل ملٹیپلز پیش کیے جاتے ہیں:

| عمر | زرتعاون کے ملٹی پل* | |
|---|---|---|
| | کم سے کم | زیادہ سے زیادہ |
| 55 سال تک | 5 | 40 |
| 56 سے 60 | 5 | 20 |
| 61 سے زائد | 5 | 10 |

* دعوائے دستبرداری: مذکورہ بالا ملٹی پلز پر شرائط وضوابط لاگو ہیں۔

### اکاؤنٹ ویلیو سے کیا مراد ہے؟

اکاؤنٹ ویلیو سے مراد وہ رقم ہے جس کے مساوی پالیسی میں سرمایہ کاری کردہ حصہ ہوتا ہے۔ درج ذیل جدول IGI لائف وائٹلٹی مجتمع فوائد کی شرح کو ظاہر کرتا ہے:

| سم کورڈ ملٹی پل | برونز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
|---|---|---|---|---|
| | اسٹیٹس | | | |
| 5 to 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 to 20 | 0.0% | 2.0% | 4.0% | 9.0% |
| 21 اور اس سے زائد | 0.0% | 4.0% | 8.0% | 18.0% |

برونز، سلور اور پلاٹینم حیثیت رکن کی طرف سے حاصل کردہ ایک حیثیت کو ظاہر کرتا ہے جو اس نے شرائط وضوابط کے تحت مختلف اہداف اور اسسمنٹ/سوال ناموں کی تکمیل سے حاصل کی ہیں۔



**موت پر جامع فوائد:** موت کی صوت میں ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع شدہ جامع فوائد موت پر ملنے والے فوائد کے علاوہ دیے جائیں گے۔

**معذور پر جامع فوائد:** مستقل اور کلی معذوری کی صورت میں جامع فوائد جو معذوری کی تاریخ تک جمع شدہ ہیں اور ٹاپ اپ اکاؤنٹ کیلیئے واجب الادا نہ ہو، ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع کیئے جائیں گے۔

**دستبرداری پر جامع فوائد:** دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی تاریخ جمع شدہ جامع فوائد جو پہلے سے ٹاپ اپ اکاؤنٹ کیلیئے واجب الادا نہ ہو، قابل ادا نہ ہوں گے۔

جزوی انخلا کی صورت میں جامع فوائد ان پانچ سال کی مدت کیلیئے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع نہیں ہوں گے جن میں جزوانخلاء کیا گیا۔

**میچورٹی پر جامع فوائد:** میچورٹی کے وقت ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جمع جامع فوائد قابل ادا ہوں گے۔

### پلان کے اہم فوائد

- **انکم ٹیکس کے فوائد:** ایف بی آر کے قوانین کے مطابق قابل ٹیکس آمدن کے 20% کے اوسط ٹیکس ریٹ کے اعتبار سے انکم ٹیکس کے فوائد لاگو ہوں گے، بشرطیکہ سالانہ زیادہ سے زیادہ 2 ملین ہو۔
- **ٹاپ اپ:** اس کے تحت آپ کو اختیار ہوتا ہے کہ آپ اپنا اضافی فنڈ ٹاپ اپ زرتکافل کے طور پر جمع کرا سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ ماہانہ انعامات اور جامع وائیٹیلیٹی فوائد شرائط و ضوابط کے اعتبار سے ٹاپ اکاؤنٹ میں منتقل کیے جاتے ہیں۔
- **وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد:** شریک تکافل کی وفات کی صورت میں مجموعی زرتکافل (سم کورڈ) کے حاصل ضرب یا شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی اکاؤنٹ ویلیو میں سے جو زیادہ ہو کی ادائیگی کی جائے گی یعنی سب سے پہلے سرمایہ کاری فنڈ کی ویلیو ادا کی جائے گی اور اگر وہ رقم مجموعی زرتکافل (سم کورڈ) سے کم ہو تو ان دونوں کے درمیان کا فرق انفرادی پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

  **جمع:** ٹاپ اپ کی مجموعی اکاؤنٹ ویلیو (اگر ہو)

  **جمع:** ونڈو تکافل آپریٹر کی پی ٹی ایف رکنیت کے اعتبار سے سرپلس (اگر ہو)
- **رکنیت کی تکمیل کی صورت میں ملنے والے فوائد:** رکنیت کی تکمیل کے موقع پر شریک تکافل کی سرمایہ کاری اکاؤنٹ ویلیو بمع ٹاپ اپ اکاؤنٹ کی اکاؤنٹ ویلیو (اگر کوئی ہو) بمع جامع فوائد جو اب تک اکاؤنٹ ویلیو میں منتقل نہیں کیے گئے ہوں گے بمع سرپلس (اگر کوئی ہو) یکمشت ادا کیا جائے گا۔
- **یونٹ کی اضافی تخصیص:** جتنا طویل عرصے تک رکنیت جاری رہے گی اتنا زیادہ آپ کو اضافی یونٹ کی تخصیص کی صورت میں انعام ملے گا۔ یونٹس کی اضافی تخصیص پالیسی کے دسویں سال سے درجِ ذیل کے اعتبار سے ہوگی:

| رکنیت کا سال | بنیادی زرتعاون |
|---|---|
| 10 | 2% |
| 15 | 3% |
| 20 | 3% |

- **مکمل دستبرداری:** شریک تکافل کو سرمایہ کاری فنڈ میں موجود یونٹس منسوخ کر کے اپنی ممبر شپ مکمل ختم کرنے کا اختیار ہے۔ یونٹس کو موجودہ بڈ پرائس پر منسوخ کیا جائے گا اور رکنیت ختم ہو جائے گی۔
- **جزوی دستبرداری:** رکنیت کے دورانیے میں شرائط وضوابط کے مطابق کسی بھی وقت PIA میں موجود محدود یونٹس منسوخ کر کے جزوی دستبرداری کی جاسکتی ہے۔ نکالی گئی رقم کو مستقل دستبرداری شمار کیا جائے گا اور اس کی دوبارہ ادائیگی ضروری نہیں ہوگی۔ جزوی دستبرداری کی وجہ سے وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد سے اسی کے بقدر کمی ہو جائے گی۔ جزوی دستبرداری کی کم سے کم مقدار 10,000 ہے بشرطیکہ PIA میں 50,000 کے بقدر رقم موجود رہے۔
- **خودکار کوریج کا انتظام:** زرِتکافل کی عدم ادائیگی کی صورت میں رکنیت اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک سرمایہ کاری کی اکاؤنٹ ویلیو یا کیش سرنڈر ویلیو (جیسی بھی صورت ہو) ماہانہ کٹوتیوں کے لیے کافی ہو۔ جن پانچ سالوں میں زرِتکافل کی ادائیگی نہیں کی گئی ہوگی ان کے جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ادا نہیں کیے جائیں گے۔ جامع فوائد حاصل کرنے کے لیے شریک تکافل کو واجب الاداء زرِتکافل اسی سال یا پیشگی ادا کرنا ہوگا۔

## سرپلس کی تقسیم

تکافل فنڈ کے شرکاء وقف فنڈ کی شرائط وضوابط کے تحت ممکنہ سرپلس فنڈ کا حصہ حاصل کر سکتے ہیں۔ سرپلس کی یہ اہلیت تکافل پراڈکٹ کے روایتی فوائد کے علاوہ ہے۔ ہر سال کے اختتام پر شریعہ ایڈوائزر اور مقرر کردہ ایکچوری کی اجازت سے آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریشنز قابل تقسیم سرپلس (اگر ہو) کا حساب کرتا ہے۔

## اور کون سے اضافی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں؟

اوپر ذکر کردہ فوائد کے علاوہ یہ پلان مختلف ضمنی فوائد کی وسیع رینج بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ فوائد اور اس کی متعلقہ تفصیلات ذیل میں ذکر کی جارہی ہیں:

- **زرِتکافل کی ادائیگی سے استثناء-معذوری کی صورت میں (WoC):** یہ ایک ایسا رائڈر ہے جس کی وجہ سے کسی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے شریک تکافل کی مستقل مکمل معذوری کی صورت میں اس ضمنی رائڈر کی مدت کے اختتام تک مستقبل کے زرِتکافل سے استثناء حاصل ہو جاتا ہے۔ یہ فوائد شریک تکافل کے انفرادی تکافل فنڈ (PTF) سے ادا کیے جائیں گے۔
- **اضافی تحفظ کے فوائد (APB):** اس فائدے کو اختیار کرنے سے وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد بڑھ جائیں گے، چاہے وفات طبعی ہو یا حادثاتی۔ APB کا مجموعی زرِتکافل یکمشت اور بنیادی رکنیت کے تحت وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد کے علاوہ ہوگا۔ یہ فوائد شریک تکافل کے انفرادی تکافل فنڈ (PTF) سے ادا کیے جائیں گے۔
- **آمدنی کا فائدہ-وفات کی صورت میں:** شریک تکافل کی وفات کے فوراً بعد اس ضمنی فوائد کی منتخب مدت کے اختتام تک ماہانہ آمدنی کا فائدہ ادا کیا جائے گا۔ یہ فوائد شریک تکافل کے انفرادی تکافل فنڈ (PTF) سے ادا کیے جائیں گے۔
- **آمدنی کا فائدہ-معذوری کی صورت میں:** شریک تکافل کی مستقل مکمل معذوری کے فوراً بعد اس ضمنی فوائد کی منتخب مدت کے اختتام تک ماہانہ آمدنی کا فائدہ ادا کیا جائے گا۔ یہ فوائد شریک تکافل کے انفرادی تکافل فنڈ (PTF) سے ادا کیے جائیں گے۔



- **حادثاتی وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد (ADB):** شریک تکافل کی حادثاتی وفات کی صورت میں ADB کا رائڈر یکمشت رقم ادا کرتا ہے۔ البتہ حج یا عمرہ کے دوران حادثاتی وفات کی صورت میں ADB فوائد کسی اضافی زرِتکافل کے بغیر دگنے ہو جائیں گے۔ یہ فوائد شریک تکافل کے انفرادی تکافل فنڈ (PTF) سے ادا کیے جائیں گے۔
- **صحت افزا:** یہ ضمنی رائڈر بیماری یا حادثہ کی صورت میں ہسپتال میں داخل ہو کر علاج کے اخراجات کی صورت میں 250,000 کی سالانہ حد تک مالی تحفظ فراہم کرتا ہے، شریک تکافل اپنی/اپنے شریک حیات کے لیے بھی یہ ضمنی فائدہ منتخب کر سکتے ہیں۔

ہر اختیاری ضمنی فائدے کیلیے اضافی زرِتکافل وصول کیا جائے گا۔

## سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے لیے دستیاب اختیارات؟

اس پلان کے تحت آپ کو اپنی سرمایہ کاری کا مرکب بنانے کا اختیار حاصل ہے، جس کے لیے آپ درخواست فارم میں زرِتکافل کی وہ شرح لکھیں گے جو آپ ہر سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی میں یونٹس کی خریداری کے لیے مختص کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کو درجِ ذیل ضمنی اکاؤنٹ پیش کیے جارہے ہیں:

**تکافل محتاط فنڈ:** اس فنڈ کی سرمایہ کاری شریعہ کمپلائنٹ سرکاری سیکیورٹیز اور دیگر محفوظ مواقع میں کی جاتی ہے، اسٹاک مارکیٹ میں اس فنڈ کی سرمایہ کاری نہیں کی جاتی۔

| | |
|---|---|
| شریعہ کمپلائنٹ سرکاری سیکیورٹیز اور دیگر شریعہ کمپلائنٹ انکم سرمایہ کاری | 100% |

**تکافل متوازن فنڈ:** یہ حکمتِ عملی شریعہ کمپلائنٹ اسٹاک، سرکاری سیکیورٹیز اور دیگر محفوظ مواقع میں سرمایہ کاری کا مرکب ہوتی ہے، تاکہ کیپیٹل میں مستحکم بڑھوتری مل سکے۔

سرمایہ کاری کے اثاثہ جات کا مرکب اس طرح ہوگا:

| | |
|---|---|
| شریعہ کمپلائنٹ اسٹاک مارکیٹ فنڈ | 40% تک |
| شریعہ کمپلائنٹ سرکاری سیکیورٹیز اور دیگر شریعہ کمپلائنٹ انکم سرمایہ کاری | 60% سے 100% |

**تکافل جارحانہ فنڈ:** اس حکمتِ عملی کا مقصد شریعہ کمپلائنٹ ایکویٹیز (شیئرز) میں سرمایہ کاری کر کے طویل المدت کیپیٹل کی بڑھوتری فراہم کرنا ہے۔ سرمایہ کاری کے اثاثہ جات کا مرکب اس طرح ہوگا:

| | |
|---|---|
| شریعہ کمپلائنٹ اسٹاک مارکیٹ فنڈ | 60% سے 70% |
| شریعہ کمپلائنٹ سرکاری سیکیورٹیز اور دیگر شریعہ کمپلائنٹ انکم سرمایہ کاری | 30% سے 40% |

ہر حکمتِ عملی کے تحت ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے جیسا کہ درخواست میں مذکور ہوتا ہے۔ کسی بھی سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں یونٹس کی خریداری کے لیے زرِتکافل کی شرح بھی درخواست میں مذکور ہوگی۔

آپ اپنی ترجیح اور ضرورت کے مطابق اپنی سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو مختلف حکمتِ عملیوں کی وسیع رینج کے اعتبار سے خود بھی مقرر کر سکتے ہیں۔ مخصوص شرائط کے ساتھ آپ کو اپنے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی منتقلی کا اختیار بھی ہوگا۔ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لیں کہ سرمایہ کاری ہر قسم کا رسک شریک تکافل کو برداشت کرنا ہوگا اور تکمیل یا سرینڈر کی صورت میں ملنے والی اصل رقم بیان کردہ رقم سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔

## اہلیت اور رکنیت کا دورانیہ:

اس رکنیت میں شامل ہونے کے لیے شریک تکافل کی کم سے کم عمر کی حد 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 65 سال ہے۔ رکنیت کا کم سے کم دورانیہ دس سال ہے بشرطیکہ اس رکنیت کو زیادہ سے زیادہ 85 سال کی عمر تک چلایا جاسکتا ہے۔ ضمنی فوائد اس عمر تک پہنچنے کے بعد ختم ہو جائیں گے جو عمر ضمنی فوائد کی توثیق میں موجود ہے۔ فوائد کے لیے میسر مدت کے اعتبار سے ضمنی فوائد کی مدت کا اختتام ابتدائی تاریخوں میں بھی ہوسکتا ہے۔

## کم از کم اور زیادہ سے زیادہ زرِ تکافل کی حد کیا ہے؟

کم از کم بنیادی زرِ تکافل وائیٹیلیٹی کی خصوصیت کے ساتھ اور اس کے بغیر درجِ ذیل ہے:

| موڈ | وائیٹیلیٹی کے بغیر | وائیٹیلیٹی کے ساتھ |
| --- | --- | --- |
| سالانہ | 35,000 | 50,000 |
| ششماہی | 17,500 | 25,000 |
| سہ ماہی | 8,750 | 12,500 |

ٹاپ اپ کی ادائیگی: کم از کم ٹاپ اپ کی مقدار 50,000 ہے جبکہ زیادہ کی کوئی حد نہیں۔

## زرِ تکافل کی تخصیص کی شرح کیا ہے؟

آئی جی آئی لائف فیملی تکافل وائیٹیلیٹی آپ کی سرمایہ کاری کے مستحکم منافع کے لیے زرِ تکافل کی بہترین شرح پیش کرتا ہے۔ اکاؤنٹ ویلیو میں زرِ تکافل کی تخصیص کی شرح حسب ذیل ہے:

### زرِ تعاون کی تخصیص

| پالیسی کا سال | 1 | 2 | 3 | 4 - 9 | 10 | 11 - 14 | 15 | 16 - 19 | 20 | 21 اور اس سے زائد | ٹاپ اپ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اکاؤنٹ ویلیو کے لیے 100 فیصد زرِ تعاون کی تخصیص کی شرح | 55% | 75% | 95% | 100% | 102% | 100% | 103% | 100% | 103% | 100% | 100% |

## ٹاپ اپ زرِ تکافل

یہ پلان باقاعدہ زرِ تکافل والا پلان ہے، لیکن شریک تکافل کو سرمایہ کاری فنڈ میں یکمشت اضافی زرِ تکافل منتقل کر کے زرِ تکافل کے ٹاپ اپ کا اختیار حاصل ہے۔ ان یکمشت زرِ تکافل کو ٹاپ اپ رقم کہا جاتا جو کسی بھی وقت کی جاسکتی ہے۔ ٹاپ اپ کی رقم سے سرمایہ کاری فنڈ کی اکاؤنٹ ویلیو بڑھ جائے گی، لیکن اس سے بنیادی سم کورڈ میں اضافہ نہیں ہوگا۔ یہ ٹاپ اپ کم از کم اور زیادہ سے زیادہ حد سے مشروط ہے۔

ٹاپ اپ کی ادائیگی: کم از کم ٹاپ اپ کی مقدار 100,000 ہے جبکہ زیادہ کی کوئی حد نہیں۔



## ماہانہ انعامات اور جامع وائیٹیلیٹی فوائد:

ماہانہ انعامات اور جامع وائیٹیلیٹی فوائد مخصوص شرائط وضوابط کے اعتبار سے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں منتقل کردیے جائیں گے۔

## زرِ تکافل کی انڈیکسیشن (مخصوص شرح کے اعتبار سے اضافہ):

انڈیکسیشن ایک اختیاری خصوصیت ہے جو اس پلان کے تحت پیش کی جارہی ہے، اس خصوصیت کے تحت آپ کے زرِ تکافل اور مجموعی زرِ تکافل کے حاصل ضرب میں مقررہ رقم کے اعتبار سے ہر سال اضافہ ہوگا تاکہ بہترین کیش ویلیو حاصل کی جاسکے جس کے نتیجے میں رکنیت کی تکمیل کے موقع پر بہتر نتائج حاصل ہوں گے۔ ایک مرتبہ یہ سہولت اختیار کرنے کے بعد آپ کو یہ ختم کرنے کا اختیار ہے، اس کے بعد آپ کو شرائط وضوابط کے اعتبار سے ہر سال برابر زرِ تکافل ادا کرنا ہوگا۔

## کیا اس پلان میں فری لک پیریڈ بھی ہے؟

بنیادی ممبرشپ کی رکنیت دستاویز میں بیان کردہ فری لُک پیریڈ کے اندر جامع وائیٹیلیٹی ممبرشپ ختم کرنے کی صورت میں وائیٹیلیٹی فعال ممبرشپ ختم ہوجائے گی۔ چاہے وائیٹیلیٹی ممبر نے فری لُک پیریڈ کے اندر کوئی فعال انعامات حاصل کیے ہوں یا نہ کیے ہوں، ایک مہینے کی وائیٹیلیٹی فیس واپس کردی جائے گی۔

## کیا میں اپنی وائیٹیلیٹی فعال ممبرشپ کسی بھی وقت ختم کرسکتا ہوں؟

آپ اپنی وائیٹیلیٹی فعال ممبرشپ کسی بھی وقت ختم کرسکتے ہیں۔ بہرحال ایک مرتبہ ممبرشپ ختم ہونے کے بعد آپ کو وائیٹیلیٹی ممبرشپ میں دوبارہ شمولیت اختیار کرنی ہوگی۔

## میں اپنی ممبرشپ کسی بھی وقت ختم کرسکتا ہوں؟

آپ کو ممبرشپ کے آغاز کے بعد کسی بھی وقت اکاؤنٹ ویلیو میں موجود یونٹس کو کیش کروانے کا اختیار حاصل ہے، ایسی صورت میں یونٹس بڈ پرائس پر کیش کیے جائیں گے اور رکنیت منسوخ ہوجائے گی۔ سرینڈر کے وقت اس کی پراسیسنگ فیس لاگو ہوگی۔ جامع وائیٹیلیٹی ممبرشپ سے مکمل دستبرداری کی صورت میں سرینڈر کی تاریخ تک ہونے والے جامع فوائد جواب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں منتقل نہیں کیے گئے ہوں گے وہ ادا نہیں کیے جائیں گے۔

## کیا میں اپنی ممبرشپ سے فنڈ نکال سکتا ہے؟

ضمنی اکاؤنٹ میں موجود محدود یونٹس کیش کروا کر جزوی دستبرداری بھی کی جاسکتی ہے۔ نکالی گئی رقم کو مستقل دستبرداری شمار کیا جائے گا اور اس کی دوبارہ ادائیگی ضروری نہیں ہوگی۔ جزوی دستبرداری کی وجہ سے وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد سے اسی کے بقدر کمی ہوجائے گی۔ جزوی دستبرداری کی صورت میں ان پانچ سالوں کے جامع فوائد ادا نہیں کیے جائیں جن میں جزوی دستبرداری کی گئی ہوگی۔

جزوی دستبرداری کے لیے مختص اماؤنٹ سے رقم نکالنے کی صورت میں وفات کے فائدے کم ہوجاتے ہیں۔

مثال کے طور پر:

| سال | ہر سال کے اختتام پر وائیٹیلٹی اسٹیٹس | 5 سال کے دوران جزوی دستبرداری | 5 سال کے لیے مجتمع انعام |
|---|---|---|---|
| 1 - 5 | سلور | ہاں | نہیں |
| 6 - 10 | سلور | نہیں | ہاں |

## اس پروڈکٹ کی فیس اور چارجز کیا ہیں؟

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | 5% |
| وکالاتل استثمار فیس | پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) کا 0.125% ہر ماہ شروع میں ماہانہ وصول کی جاتی ہے |
| مدارب حصص | انفرادی PTF (اگر کوئی ہے) کی سرمایہ کاری آمدنی کا 40% حصص |
| تکافل زرتعاون میں تکافل آپریٹرز مینجمنٹ کی فیس | ہر ماہ زرتعاون کا 25% (تبارع یا COI) |
| ایڈمنسٹریشن فیس | ہر ماہ 150 روپے فی ممبرشپ |
| وائیٹیلٹی فیس | *320 روپے ماہانہ فی فرد |
| سرینڈر چارجز (سالانہ) | کوئی نہیں |
| فنڈ سوئچنگ فیس | ہر بار فنڈ سوئچنگ پر 500 روپے |
| پروسسنگ فیس | ہر بار جزوی طور پر رقم نکلوانے اور مکمل دستبرداری پر 500 روپے فیس |

*وائیٹیلٹی فیس وقتاً فوقتاً فیملی تکافل کی صوابدید پر تبدیل ہوسکتی ہے۔



## وائیٹیلٹی کے ساتھ فوائد کا خاکہ

ذیل کی مثال 35 سال کی عمر کے شریک تکافل کے لیے متوقع کیش ویلیو ظاہر کررہی ہے۔ بنیادی زرتکافل 30 سے ضرب دے کر سم کورڈ کے ساتھ 500,000 سالانہ ہے، زرتکافل کی ادائیگی کی مدت 20 سال ہے اور مجموعی زرتکافل کا حاصل ضرب (سم کورڈ) 15,000,000 ہے۔

### یونٹ شرح نمو 8 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 427,394 | 2,100,000 | 427,394 | 2,125,000 | 451,894 | 2,150,000 | 476,894 | 2,190,000 | 516,894 |
| 10 | 1,110,379 | 2,100,000 | 1,110,379 | 2,159,077 | 1,168,957 | 2,218,155 | 1,228,034 | 2,312,679 | 1,322,558 |
| 15 | 2,059,419 | 2,100,000 | 2,059,419 | 2,205,528 | 2,164,447 | 2,311,056 | 2,269,975 | 2,479,901 | 2,438,820 |
| 20 | 3,380,925 | 3,380,925 | 3,380,925 | 3,549,770 | 3,549,770 | 3,718,615 | 3,718,615 | 3,988,767 | 3,988,767 |

### یونٹ شرح نمو 10 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 450,777 | 2,100,000 | 450,777 | 2,125,000 | 475,277 | 2,150,000 | 500,277 | 2,190,000 | 540,277 |
| 10 | 1,234,630 | 2,100,000 | 1,234,630 | 2,162,352 | 1,296,482 | 2,224,704 | 1,358,834 | 2,324,466 | 1,458,597 |
| 15 | 2,429,353 | 2,429,853 | 2,429,353 | 2,548,011 | 2,547,011 | 2,666,169 | 2,665,169 | 2,855,221 | 2,854,221 |
| 20 | 4,237,713 | 4,237,713 | 4,237,713 | 4,439,249 | 4,439,249 | 4,640,785 | 4,640,785 | 4,963,243 | 4,963,243 |

### یونٹ شرح نمو 12 فیصد

| | | برونز | | سلور | | گولڈ | | پلیٹنم | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکنیت کا سال | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | کیش ویلیو بمعہ فوائد | وفات کے فوائد | بنیادی کیش ویلیو |
| 5 | 475,257 | 2,100,000 | 475,257 | 2,125,000 | 499,757 | 2,150,000 | 524,757 | 2,190,000 | 564,757 |
| 10 | 1,373,397 | 2,100,000 | 1,373,397 | 2,165,873 | 1,438,770 | 2,231,746 | 1,504,643 | 2,337,143 | 1,610,040 |
| 15 | 2,869,475 | 2,869,975 | 2,869,475 | 3,002,673 | 3,001,673 | 3,135,370 | 3,134,370 | 3,347,687 | 3,346,687 |
| 20 | 5,335,611 | 5,335,611 | 5,335,611 | 5,577,561 | 5,577,561 | 5,819,512 | 5,819,512 | 6,206,632 | 6,206,632 |

*وضاحت: نوٹ کرلیجیے کہ السٹریشن میں ذکر کیے تمام اعداد متوقع ہیں جن کی کوئی گارنٹی نہیں۔

## وائیٹیلٹی کے بغیر فوائد کا خاکہ

ذیل کی مثال 35 سال کی عمر کے شریک تکافل کے لیے متوقع کیش ویلیو ظاہر کر رہی ہے۔ بنیادی زرِ تکافل 30 سے ضرب دے کر سم کورڈ کے ساتھ 500,000 سالانہ ہے، زرِ تکافل کی ادائیگی کی مدت 20 سال ہے اور مجموعی زرِ تکافل کا حاصل ضرب (سم کورڈ) 15,000,000 ہے۔

| Membership Year / ممبر شپ کا سال | Basic Contribution for the Year / سال کا بنیادی زرتعاون | Cumulative Regular Contributions Paid / بنیادی پلان کا کل ادا شدہ زرتعاون | 8% Unit Growth Rate / یونٹ کی شرح نمو | | 10% Unit Growth Rate / یونٹ کی شرح نمو | | 12% Unit Growth Rate / یونٹ کی شرح نمو | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Basic Death Benefit / بنیادی پلان کے فوائد موت کی صورت میں | Cash Value / سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی موجودہ مالیت | Basic Death Benefit / بنیادی پلان کے فوائد موت کی صورت میں | Cash Value / سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی موجودہ مالیت | Basic Death Benefit / بنیادی پلان کے فوائد موت کی صورت میں | Cash Value / سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی موجودہ مالیت |
| 1 | 500,000 | 500,000 | 15,000,000 | 217,798 | 15,000,000 | 222,140 | 15,000,000 | 226,484 |
| 2 | 500,000 | 1,000,000 | 15,000,000 | 575,244 | 15,000,000 | 590,941 | 15,000,000 | 606,813 |
| 3 | 500,000 | 1,500,000 | 15,000,000 | 1,055,520 | 15,000,000 | 1,092,469 | 15,000,000 | 1,130,235 |
| 4 | 500,000 | 2,000,000 | 15,000,000 | 1,590,515 | 15,000,000 | 1,660,490 | 15,000,000 | 1,732,831 |
| 5 | 500,000 | 2,500,000 | 15,000,000 | 2,158,293 | 15,000,000 | 2,274,711 | 15,000,000 | 2,396,515 |
| 6 | 500,000 | 3,000,000 | 15,000,000 | 2,760,924 | 15,000,000 | 2,939,040 | 15,000,000 | 3,127,721 |
| 7 | 500,000 | 3,500,000 | 15,000,000 | 3,400,824 | 15,000,000 | 3,657,944 | 15,000,000 | 3,933,806 |
| 8 | 500,000 | 4,000,000 | 15,000,000 | 4,080,638 | 15,000,000 | 4,436,369 | 15,000,000 | 4,823,029 |
| 9 | 500,000 | 4,500,000 | 15,000,000 | 4,803,162 | 15,000,000 | 5,279,693 | 15,000,000 | 5,804,562 |
| 10 | 500,000 | 5,000,000 | 15,000,000 | 5,581,765 | 15,000,000 | 6,204,363 | 15,000,000 | 6,899,392 |
| 15 | 500,000 | 7,500,000 | 15,000,000 | 10,266,367 | 15,000,000 | 12,125,283 | 15,000,000 | 14,351,032 |
| 20 | 500,000 | 10,000,000 | 16,796,774 | 16,796,774 | 21,146,796 | 21,146,796 | 26,696,329 | 26,696,329 |

## آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے بارے میں

IGI لائف انشورنس لمیٹڈ، جو پیکجز گروپ کا رکن ہے، اپریل 2014 میں امریکی لائف انشورنس کمپنی (پاکستان) لمیٹڈ میں حصص کو کنٹرول کرنے کے حصول کے ساتھ لائف انشورنس کے میدان میں اپنے قدم جمائے۔ پیکجز گروپ کی جانب سے قائم کردہ آئی جی آئی لائف پاکستان میں اپنی قسم کا واحد فیملی تکافل فراہم کرنے والا ادارہ ہے جو کہ کثیراتی ورثہ ہے، جو اب پیکجز گروپ کے تجربے کے ساتھ مشہور کاروباری اداروں میں سے ایک ہے جس کے FMCG، دواساز اور پیکیجنگ سیکٹر میں معروف برانڈز کے ساتھ مشترکہ منصوبے ہیں۔

آئی جی آئی کے موجودہ پروڈکٹس میں فیملی تکافل پلانز، حادثاتی اور صحت کا تکافل، تنخواہ داروں کیلئے سہولیات شامل ہیں۔ IGI لائف ان چند کمپنیوں میں سے بھی ہے جنہوں نے 2015 میں ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت فیملی تکافل کا آغاز کیا، جو ہمارے صارفین کو شریعہ کمپلائنٹ سہولیات مہیا کرتا ہے۔



## وائیٹیلٹی گروپ کے بارے میں:

لوگوں کو صحت مند طرزِ زندگی مہیا کرنے کے عزم کے ساتھ وائیٹیلٹی گروپ اچھے نتائج کے لیے لوگوں کی بہتر صحت پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہے۔ ہم اسمارٹ ٹیکنالوجی، ڈیٹا، انعامات اور کرداری علوم (Behavioural Sciences) کے ملاپ سے انفرادی افراد اور اداروں میں صحت مند تبدیلی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ وائیٹیلٹی دنیا بھر میں سمجھدار انشوررز اور مستقبل کی سوچ رکھنے والے آجروں کے ساتھ کامیاب شراکت داری کے ذریعے عالمی نقطہ نظر رکھتی ہے۔ دنیا بھر کے 28 ممالک میں 20 ملین سے زائد لوگ وائیٹیلٹی پروگرام سے منسلک ہیں۔

آج، وائیٹیلٹی پروگرام 28 مارکیٹوں میں 20 ملین سے زائد افراد کی زندگیوں کو متاثر کرتا ہے۔

